ناظم دار العلوم

احوال وکوائف

دار العلوم حقانیہ

مشاہیر علم وفضل کی آمد دار العلوم بحمد اللہ اکابرین دین اور ارباب علم وفضل کا مرجع رہتا ہے اور ان حضرات کی آمد ورفت جاری رہتی ہے، پچھلے ماہ ڈیڑھ ماہ میں بھی مختلف اوقات پر کئی اکابر ومشائخ تشریف لائے اور حسب گنجائش دار الحدیث میں طلبہ سے خطاب فرمایا اور اپنی دعاؤں سے دار العلوم اور وابستگان دار العلوم کو نوازا۔

اسیر مالٹا مولانا عزیر گل مدظلہ ۱۵ رمئی کو عصر سے قبل اسیر مالٹا حضرت شیخ الہند کے تلمیذ رشید مولانا عزیر گل مدظلہ نے تھوڑی دیر کیلئے دار العلوم میں قدم رنجہ فرمایا اور طلبہ کو تحریک ریشمی رومال کے اس درخشندہ اور تابندہ فرد فرید کی زیارت کا موقع ملا حضرت موصوف ضعف بصارت کی وجہ سے اپریشن کی غرض سے راولپنڈی تشریف لے گئے تھے واپسی میں دار العلوم کو نوازا۔

مولانا مفتی محمود صاحب ۱۰ راپریل کو حضرت قائد جمعیۃ العلماء اسلام مولانا مفتی محمود صاحب تشریف لائے اور طلبہ سے ملکی وملی مسائل پر مبسوط خطاب فرمایا حضرت مفتی صاحب اکثر وبیشتر صوبہ سرحد آتے جاتے ہوئے دار العلوم کو قدوم سے نوازتے ہیں

مولانا عبید اللہ انور مدظلہ اس سے چند دن قبل شیخ التفسیر لاہوری کے جانشین حضرت مولانا عبید اللہ انور مدظلہ اپنے استاذ المکرم حضرت شیخ الحدیث کی عیادت اور زیارت کے لئے تشریف لائے طلبہ کی خواہش پر دار الحدیث میں خطاب بھی فرمایا۔

مولانا عبد اللہ درخواستی مدظلہ ۶ رمئی بروز جمعہ عصر کے بعد امیر جمعیۃ العلماء اسلام بقیۃ السلف مولانا عبد اللہ درخواستی تشریف لائے دار العلوم سے باہر طلبہ واساتذہ نے والہانہ استقبال کیا، عصر کے بعد شام تک آپ کا خطاب جاری رہا۔ بعد از مغرب جاتے وقت دار العلوم کی ترقیات اور طلبہ کیلئے دعائیں کرتے ہوئے آپ پر رقت طاری ہوگئی اور فرمایا کہ انشاء اللہ یہاں سے اسلام کے نشاۃ ثانیہ اور اسلامی انقلاب کی لہریں اٹھیں گی، طلبہ کو جادۂ حق پر گامزن رہنے اور استقامت کی تلقین کی حضرت درخواستی نے واپسی میں راولپنڈی ہسپتال میں حضرت شیخ الحدیث کی عیادت بھی فرمائی۔